إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

من تالیف جناب مولانا واقف اسرار [illegible] معقول و منقول [illegible] شاہ [illegible] صاحب دام اللہ فیضہم

رسالہ

ارشاد المنطق

۱۳۳۳

سنہ

مطبع دبدبہ سکندری ریاست رامپور میں چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذہن مین جو آئے اوسکا علم ہے منطق مین نام
ہو اگر بے حکم تو اوسکو تصوّر جان لو
قسم دو اُسکی تصوّر اور تصدیق ای ہمام
حکم کے ہو ساتھ اگر تو اوسکا ہے تصدیق نام

ہر تصوّر اور ہر تصدیق کی ہین قسم دو
ہو اگر بے فکر کے حاصل بدیہی اوسکو مان
قسم اوّل ہے بدیہی دوسری نظری بنام
اور جو ہو فکر سے حاصل تو نظری اوسکا نام

ہے بدیہی کا ضروری نام بھی اے باذکا
فکر کے معنی ہین معلومات مین ترتیب لیک
جسطرح نظری کا کسبی دوسرا منطق مین نام
اسطرح جس سے کہ ہو کہ مجہول معلوم اے ہمام

یعنی مطلوب ۱۲

بہ ہر

پھر وہ معلومات اگر ہو وین تصور ای عزیز ۔ تو معرف قول شارح اسکا ہی منطق مین نام

اور اگر ہو وین وہ معلومات تصدیق ای اخی ۔ تو دلیل حجت اوسے کہتے ہین منطق مین تمام

تعریف واقسام جزئی و کلی

مانع شرکت جو ہو بین الکثیرین اے پسر ۔ ہو وہی جزئی حقیقی ورنہ کلی اوسکا نام

قسم دو جزئی کی ہین اور پانچ کلی کی فقط ۔ جنس و نوع و فصل ذاتی عرضی خاصہ عرض عام

نوع ہی جزئی اضافی زید حقیقی کی مثال ۔ جسم و انسان ناطق و ضاحک مثال ای غلام

جو حقائق مختلف پر ہو محمول ہو وہ جنس ۔ متفق پر ہو اگر محمول تو ہے نوع عام

جنس و نوع سائل کی ما ہو کا ہوتے ہین جواب ۔ جو جواب اصلا نہ واقع ہو تو ہی بس عرض عام

فصل وہ کلی ہی جو ہووے ممیز بے خلاف ۔ مشترک جنس سے یا بعض سے اے نیکنام

مشترک سے جو ممیز ہو تو ہے فصل قریب ۔ بعض سے ہووے ممیز تو بعید اوسکا ہے نام

ای شی ہو فی ذاتہ کا بھی ہوگا جواب ۔ ای شی ہو فی عرضہ کا ہو تو خاصہ نام

یعنی خاص اک ماہیت کیساتھ ہو تو خاصہ جان
ہین مراتب جنس کے جوہر سے لی حیوان تک
تُرتُب بُعد اجناس کا آنکے مراتب سے سمجھ
جو مقوِّم جنس عالی کا ہو سافل کا بھی ہے
حال ہو لیکن مقسِّم کا متقوِّم کے خلاف

عام ہو تو نام اوس کُلّی کا ہیگا عرض عام
نوع کی انسان ہی تا جسمِ مطلق اے ہمام
اور مراتب علو و سفل جنس و نوع اے نیکنام
عکس اسکا ہو نہین سکتا کبھی اے بوالکرام
نقشۂ ترتیب سے حل کر مطالب یہ تمام

نقشۂ ترتیب اجناس وانواع

اسمار		اجناس و انواع		تعریفات	امثلہ
جنس عالی و جنس الاجناس	[illegible] ۱	جوہر		قائم بالذات	عقول و مجردات
جنس متوسط و نوع عالی	۲	جسم مطلق	مد	جوہر قابل ابعاد ثلثہ یعنی طول عرض عُمق	حجر و مدر
جنس متوسط و نوع متوسط	۳	جسم نامی	مد	جوہر جسم نمودار نامیہ یعنی بڑھنے والا	شجر و نبات
جنس سافل و نوع متوسط	۴	حیوان	م	جوہر جسم نامی حساس متحرک بالارادہ	فرس و غنم و بقر و حمار
نوع سافل و نوع الانواع	[illegible]	انسان		حیوان ناطق	زید و عمر و بکر و خالد

اقسام دلالت

چھ ہین اقسام دلالت علم منطق مین تمام — وضعی۔ طبعی۔ عقلی لفظی غیر لفظی ہی ہمام
معتبر ان چھ سی فن مین وضعی لفظی ہی فقط — تین قسم اسکے مطابق اور تضمن التزام
پورے معنی پر دلالت لفظ کے ہووے اگر — تو مطابق رکھتے ہین سب اہل منطق اسکا نام
معنی موضوع لہ کے جزو پر دلالت لفظ کی — ہی تضمن اور خارج لازمی پر التزام

اقسام معرف و قول شارح

چار قسمین قول شارح کی معرف جان لو — حد تام و حد ناقص۔ رسم ناقص رسم تام

مباحث تصدیقات

قول وہ جملہ ہو جو ایسا جسکے قائل کو انام — کہہ سکین صادق کاذب ہی قضیہ اوسکا نام
معنی محکوم علیہ محکوم بہ نسبت و حکم — ہے ضرور ہر قضیہ مین ان چار کا ہونا مدام

ثم

شک کی صورت مین ہی ظاہر فرق نسبت حکم کا
کیونکہ نسبت ہی یہان حکم مفقود ای غلام

اقسام قضیہ

تین ہین قضیہ کی قسمین اوّلاً حملیہ جان
شرطیہ متصلہ دویم سوم کا منفصلہ نام

تعریف حملیہ و متصلہ و منفصلہ

ہون اگر طرفین مفرد خواہ حقیقی یا بحکم
ہے وہی حملیہ ایجاباً و سلباً اے ہمام

جو نہ ایسا ہو تو حکم اتصالی ہو اگر
ہے وہ ثانی انفصالی ہو تو ثالث لاکلام

حملیہ کی دو طرف موضوع و محمول ہین مگر
شرطیہ مین ہی مقدم اور تالی انکا نام

دال جو نسبت پہ ہووے لفظ تو ہے رابطہ
ہو عربی فارسی است ہندی مین ہی ہے عام

اقسام حملیہ

حملیہ کی قسم ہین پھر مین اول شخصیہ
مہملہ محصورہ اور یہ چار ہین اے نیکنام

قضیہ اور نقیض و موجہہ کی بحث طول
مبتدی کی فہم کے لائق نہین ہین یہ مقام

اقسام حجت

قسم تین حجت کی ہین جنہین سے اول ہے قیاس
ہے قیاس اقترانی چار شکلین بے خلاف

دوم استقرا سوم تمثیل البنج حرام
لانہ مسکر و کل مسکر حرام
مبحث تصدیق اجمالاً ہوئے سارے تمام

ہو سدا اختم رسولان پر درود حق کا دور
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲
اور تسلسل آل اور اصحاب پر ثابت مدام

اشتہار بعض تصانیف حضرت مولانا محمد سلامت اللہ صاحب قبلہ دام ظلہم

۱۔ اللؤلؤ المکنون فی احکام فونوگراف اوگراموفون۔
اس رسالہ مین نشر دلیلون سے ثابت کیا ہو کہ قرآن شریف کا گراموفون مین بھرنا
جائز نہ کسی مسلمان کو اوس سے قرآن مجید کا سننا جائز اور اوسکے اخیر مین مولانا
احمد رضا خانصاحب بریلوی کی بھی ایک تحریر بطور تقریظ و تحقیق حکم اسباب مین اضافہ

ہی قیمت ۸/

۲- تحفۂ منصفیہ - اس رسالہ مین بارہ [۱۲] آیتون قرآن شریف اور ستر حدیثون سے یہ امر ثابت اور محقق فرمایا ہی کہ سب مردے سُنتے ہین اور اُنکے واسطے حیات برزخی اور شعور و ادراکات کامل ہین قیمت ۶/

۳- اوضح البراہین علی عدم جواز الصلوٰۃ خلف غیر المقلدین - اس رسالہ مین غیر مقلد کی امامت ناجائز ہونے پر تیس [۳۲] دلیلین قوی مذکور ہین - آیات و احادیث و روایات فقہ سے - اور نیز لا مذہب کے بعضے عقائد باطلہ و اعمال فاسدہ بھی اُن دلائل کے ضمن مین مسطور ہین قیمت ۴/

۴- رسالہ قسورہ المعروف بہ احکام لعنت - قادیانین کا رد ہو اور انکے کفر پر علماء دین کا فتویٰ بلا قیمت صرف آدھ آنہ کا ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جائیگا جن صاحبون کو ان رسالون کے منگانے کا شوق ہو وہ ذیل کے پتہ سے طلب فرماوین

المشتہر ابو القاسم محمد اللہ نبیرہ حضرت مولوی ... ساکن بازار ... محلہ ...